اللہ یاری کے لئے سوالات

شیعہ سنی عقائد میں بنیادی فرق امامت کا ہے جو شیعہ کے اصولِ دین میں ایک اصل ہے۔

1. قرآن سے ایسے امام پر جو نہ رسول ہے نہ نبی ایمان لانے کی کیا دلیل ہے ؟ جن کو شیعہ امام مانتے ہیں انکا انکار کفر کیوں ہے ؟

2 سورت نور کی آیت استخلاف کے بارہ 12 امام مصداق ہیں یا نہیں ؟

3 رسول نبی اور امام کی کیا تعریف ہے ؟

4 رسالت و نبوت بھی منصوص من اللہ ہے اور امامت بھی تو دونوں میں کیا فرق ہے ؟

5 شیعہ کے مطابق انسانوں کو ہر دم ایک ہادی کی ضرورت رہتی ہے۔ اگر ہدایت کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری ہے تو پھر سلسلہ رسالت و نبوت کب ختم ہوا اور سلسلہ امامت کب شروع ہوا؟

6 سورۃ النساء میں ایمان لانے والے اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والوں کو چار منعم علیہ گروہ، نبی صدیق شہید اور صالح، میں شامل کئے جانے کا ذکر ہے۔ امام ان میں سے کس گروہ میں شامل ہے؟

7 شیعہ کے بقول حضرت ابراہیم سے ان کی ذریت میں امامت رکھے جانے کا وعدہ کیا گیا لیکن قرآن میں اُن کی ذریت میں نبوت کا تو ذکر ہے امامت کا نہیں ہے۔ ایسا کیوں ہے؟

8امام کی شرائط کیا ہیں، امام کا ہر وقت زمین پر ہونا کیوں ضروری ہے ؟

9 امام کی پہچان کیا ہے ؟ لوگ اسے پہچانیں گے یا امام اپنی پہچان خود کروائے گا۔

10. تقیہ کے بارے میں آپ کا کیا عقیدہ ہے؟

11. موجودہ قرآن کی حیثیت کیا ہے ؟ کیا یہ حجت (حکم) ہے؟

12. قرآن میں خاتم النبیین آیا ہے۔ تو کیا رسول آسکتا ہے؟